Office of the
Public Guardian (Scotland)

## مختار نامہ (پاور آف اٹارنی) کیا ہے؟

مختار نامہ ایک تحریری دستاویز ہے جو کسی اور کو اختیار دیتی ہے کہ وہ آپ کی طرف سے اقدامات کرے یا فیصلے کرے۔ یہ آپ کے مالی امور اور / یا فلاحی امور سے نمٹنے کے لیے ہو سکتا ہے۔ اگر آپ اپنے معاملات کا انتظام کرنے کے نا قابل ہو جاتے ہیں تو اسے مستقبل میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

مختار نامہ ان لوگوں کے ناموں کی تفصیلات بتاتا ہے، جو اٹرنیز (مختار) کے نام سے جانے جاتے ہیں، اور جن کو آپ چاہتے ہیں کہ وہ آپ کی مدد کریں، اور اس میں اُن انفرادی اختیارات کی فہرست ہوتی ہے جو آپ چاہتے ہیں کے اُنھیں حاصل ہوں۔ مختار نامہ یہ بھی بیان کرے گا کہ آپ کے مختار کب کام کرنا شروع کر سکتے ہیں۔

## کون مختار نامہ بنا سکتا ہے؟

16 سال سے زیادہ عمر کا کوئی بھی شخص مختار نامہ بنا سکتا ہے، لیکن اگر آپ کو دیوالیہ قرار دیا گیا ہے تو اس میں پابندیاں ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ دیکھیں۔

## نا قابل کا کیا مطلب ہے؟

کسی حادثے یا بیماری کے نتیجے میں آپ کی صلاحیت آہستہ آہستہ یا اچانک کمزور ہو سکتی ہے۔ ایک رجسٹرڈ اور لائسنس یافتہ میڈیکل ڈاکٹر یہ کہنے کے قابل ہو گا کہ آیا آپ نا قابل ہیں یا نہیں۔

## اگر میرے پاس کوئی مختار نامہ نہ ہو تو پھر کیا ہو گا؟

قانونی اختیار کے بغیر کسی بھی شخص کو آپ کی طرف سے اقدامات کرنے کا خودکار (آٹومیٹک) حق نہیں ہے۔ اگر آپ اپنے معاملات کے بارے میں فیصلے کرنے سے قاصر ہیں تو آپ کی طرف سے کارروائی کرنے کا اختیار حاصل کرنے کے لیے آپ کے خاندان یا دوستوں کو ہو سکتا ہے کہ عدالت میں جانا پڑے۔

## کیا مختار نامہ بڑی عمر کے لوگوں کے لیے نہیں ہے؟

نہیں، کوئی بھی شخص یہ سوچنا پسند نہیں کرتا کہ ہو سکتا ہے کہ وہ خود اپنی دیکھ بھال کرنے کے قابل نہ ہوں لیکن کسی بھی شخص کو حادثات یا بیماری سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔

## کیا مختار نامہ اُن لوگوں کے لیے نہیں ہے جن کے پاس بہت سی دولت ہو؟

نہیں، یہ صرف رقم / جائیداد کی دیکھ بھال کرنے کے بارے میں نہیں ہے بلکہ یہ آپ کو یہ منصوبہ بنانے کا موقع بھی فراہم کر سکتا ہے کہ آپ کے لیے ذاتی فلاح و بہبود کے معاملات کا فیصلہ کسے کرنا چاہیے۔

## میں اپنے مختار کے طور پر کسے مقرر کر سکتا ہوں؟

آپ 16 سال سے زیادہ عمر کے کسی بھی شخص کو جسے آپ چاہتے ہوں مقرر کر سکتے ہیں۔ یہ خاندان کا کوئی فرد یا کوئی دوست، کوئی وکیل یا اکاؤنٹنٹ، یا کوئی اشتراک ہو سکتا ہے۔ عام طور پر ایک سے زیادہ مختار رکھنا ایک اچھا خیال ہے یا ہو سکتا ہے کہ وہ جسے متبادل مختار کہا جاتا ہے کہ اگر آپ کا مختار آپ کے لیے مزید کام نہیں کر سکتا ہے تو وہ اس کی جگہ لے لے۔

آپ کسی شخص کو اپنے مالی معاملات سے نمٹنے کے لیے مقرر کر سکتے ہیں اور کسی مختلف شخص کو اپنی ذاتی بہبود سے نمٹنے کے لیے مقرر کر سکتے ہیں۔

جس شخص کو آپ اپنا مختار بنانا چاہتے ہیں اس کے ساتھ اس بارے میں گفتگو کرنا اچھا عمل ہے کہ ایک مختار ہونے میں اصل میں کیا شامل ہوتا ہے۔ جن معاملات پر بات چیت ہوئی ہے اگر آپ اُن کا ایک نوٹ اپنے پاس رکھیں اور ایک کاپی اپنے متوقع مختار کو بھی دیں تو یہ مفید ہو گا۔ اگرچہ، یہ آپ کی پسند ہے کہ آپ کس شخص کو مقرر کریں لیکن آپ کسی ایسے شخص کو اپنے مالی اور جائیداد کے معاملات سے نمٹنے کے لیے مقرر نہیں کر سکتے جسے اس وقت دیوالیہ قرار دیا گیا ہے۔

## میں کیسے اور کہاں سے مختار نامہ حاصل کروں گا؟

کسی بھی مقامی وکیل کو آپ کو مختار نامے کا مسودہ تیار کرنے میں مدد دینے اور اس معاملے پر قانونی مشورہ فراہم کرنے کے قابل ہونا چاہیے۔ متبادل کے طور پر، کچھ کمپنیاں اور سٹیشنری کی دکانیں مختار نامے کے پیک فروخت کرتی ہیں۔ ہماری ویب سائٹ سے بھی مفید معلومات دستیاب ہیں۔

## اس پر کتنی لاگت آتی ہے؟

کوئی پیشہ ور ماہر مختار نامہ تیار کرنے کے لیے آپ سے قیمت وصول کر سکتا ہے اور قیمتیں مختلف ہوتی ہیں۔ مختار نامے میں کسی پریکٹس کرنے والے وکیل یا میڈیکل ڈاکٹر کا ایک دستخط شدہ سرٹیفکیٹ شامل ہونا چاہیے۔ اس سرٹیفکیٹ کی یہ تصدیق کرنے کے لیے ضرورت ہے کہ آپ مختار نامے کو سمجھنے کے قابل ہیں۔ اس سروس کے لیے آپ سے فیس وصول کی جا سکتی ہے۔ ہم رجسٹریشن فیس بھی لیتے ہیں۔ ہماری موجودہ فیسوں کے بارے میں مزید معلومات آپ ہماری ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں یا ہمیں فون کر سکتے ہیں۔

## میرے مختار نامے کا کیا ہوتا ہے؟

مختار نامے کے استعمال سے پہلے اس کا ہمارے پاس رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے، چاہے آپ ابھی بھی اپنے لیے کام کرنے کے قابل ہوں۔

آپ کے مختار نامے کو رجسٹر کروانے کے لیے مندرجہ ذیل دستاویزات ہمیں بھیجنے کی ضرورت ہے:

- آپ کا دستخط شدہ مختار نامہ، مکمل شدہ سرٹیفکیٹ کے ساتھ؛
- اس بات کی تصدیق کہ آپ کا/کے مختار آپ کی طرف سے کارروائی کرنے کے لیے آزادانہ طور پر رضامند ہیں؛ اور
- رجسٹریشن فیس۔

آپ اپنی دستاویزات ہمیں ڈاک کے ذریعے بھیج سکتے ہیں یا الیکٹرانک PoA رجسٹریشن (EPOAR) سہولت کا استعمال کرتے ہوئے اپنا مختار نامہ الیکٹرانک طور پر بھیج سکتے ہیں۔ مرحلہ وار رہنمائی ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

جب مختار نامہ رجسٹر ہو جاتا ہے تو آپ کی دستاویزات اور ایک سرٹیفکیٹ کے ساتھ مختار نامے کی ایک مستند کاپی بھیجنے والے کو واپس بھیج دی جائیں گی۔ ہم آپ کو آپ کے ریکارڈ کے لیے رجسٹرڈ مختار نامے کی ایک کاپی بھی بھیجتے ہیں۔

## کیا میرا مختار میرے نا قابل ہونے سے پہلے میرے مختار نامے کا استعمال کر سکتا ہے؟

ہاں، اگر آپ چاہتے ہیں تو وہ آپ کے مالی معاملات میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں لیکن وہ آپ کی بہبود کے بارے میں اس وقت تک فیصلے نہیں کر سکتے جب تک کہ آپ خود ان فیصلوں کو کرنے کے قابل نہیں رہتے۔

## ریکارڈز رکھنے کا فرض

آپ کی طرف سے کاروائی کرنے والے مختاران کا فرض ہے کہ وہ اپنے افعال کا ریکارڈ رکھیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جاری مختاران یعنی مالی معاملات سے متعلقہ اختیارات رکھنے والے مختاران کو آپ کی املاک اور مالی معاملات کے سلسلے میں جاری مالی (فائنانشل) اکاؤنٹنگ رکھنی چاہیے۔ بہبودی مختاران کو آپ کی بہبود کے امور سے متعلقہ ریکارڈ رکھنا چاہیے۔ ضابطہ عمل میں رہنمائی فراہم کی گئی ہے۔

## کیا مختارنامے کے رجسٹر ہو جانے کے بعد میں اسے منسوخ کر سکتا ہوں؟

مختارنامے کے ہمارے پاس رجسٹر ہو جانے کے بعد آپ اپنے مختارنامے یا اس میں عطا کردہ اختیارات میں سے کسی بھی اختیار کو منسوخ کر سکتے ہیں۔ یہ کیسے کرنا ہے اس بارے میں وضاحت کرنے والی معلومات ہماری ویب سائٹ سے دستیاب ہیں۔

## مجھے مزید مدد یا معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

آپ کا مقامی سٹیزنز ایڈوائس بیورو یا وکیل مدد کرنے کے قابل ہو سکتا ہے۔ ہماری ویب سائٹ پر بہت سی مفید معلومات موجود ہیں یا اگر آپ چاہیں تو ہمیں فون کر سکتے ہیں۔ ہمارا دفتر عوام کے لیے کھلا ہے۔ تاہم، جب آپ ہم سے ملنے کے لیے آتے ہیں تو عملے کے کسی متعلقہ فرد سے ملاقات کو یقینی بنانے کے لیے برائے مہربانی اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

**Office of the Public Guardian (Scotland)**
Hadrian House
Callendar Business Park
Callendar Road
FALKIRK, FK1 1XR

ٹیلیفون: 01324 678300
ای میل: opg@scotcourts.gov.uk
www.publicguardian-scotland.gov.uk
ٹویٹر: Public Guardian @OPGScotland
کھلنے کے اوقات: صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک سوموار سے جمعہ تک

یہ لیفلیٹ دیگر شکلوں اور زبانوں میں دستیاب ہو سکتا ہے۔ ہم لینگویج لائن اور ٹیکسٹ ریلے سروس کی خدمات حاصل کرتے ہیں۔

پبلک گارڈین کا دفتر سکاٹش کورٹس اینڈ ٹرائبیونلز سروس کا حصہ ہے۔